ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(458)

22-08-2023

# بہاولپور(          )ڈی پی اوسید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں عادی منشیات بحالی اسکواڈ (Drug Addict rehabilitation squad) کے مثبت نتائج آنے کا سلسلہ جاری۔ہسپتال میں زیرعلاج منشیات کے عادی افرادکوصحت یاب ہونے پران کی فیملیز کے حوالے کیا جارہاہے۔بہاولپورکومنشیات فری زون بنانے کاعزم کیاہے،ڈی پی اوسید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب اورآئی جی پنجاب ڈاکٹرعثمان انورکی طرف سے منشیات کے خلاف جاری مہم میں بہاولپور پولیس کی طرف سے ڈی پی اوسید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں منشیات کے عادی افرادکی بحالی کیلئے خصوصی اسکواڈ نے منشیات کے عادی افراد کے علاج معالجہ کا کام جاری رکھتے ہوئے اورفری رہائش،بہترین کھانا،دھوبی،ہیئرکٹنگ کی سہولیات فراہم کر کے اب تک متعددمنشیات کے عادی افرادکوصحت یاب ہونے پران کے ورثہ کے حوالے کیا جاچکا ہے،جن کامکمل فالواپ لیا جائے گا تاکہ وہ دوبارہ اس لت میں نہ پڑسکیں۔اسکواڈ انچارج سب انسپکٹرمحمدایوب کااپنی ٹیم کے ہمراہ نشے کے عادی افرادکو بہاولپورشہر کے مختلف علاقوں سے (pick) کر کے پولیس لائنز میں قائم عادی منشیات بحالی ہسپتال داخل کروانے کاعمل جاری ہے۔محکمہ پولیس نے دیگرسرکاری ونیم سرکاری اداروں کےتعاون سے نشے کے عادی افرادکاخصوصی طورپرعلاج معالجہ جاری رکھتے ہوئے انکی زندگی کی طرف بحالی کوممکن بنانے کے لئے علاج معالجہ کے ساتھ ساتھ روزانہ کی بنیاد پرمختلف جسمانی ورزش اوران کی اصلاح کے لئےمختلف کلاسزکا بھی اہتمام کیا۔صحت مندافرادکومناسب ہدایات کےساتھ انکی فیملیز کےحوالےکیا جارہاہے۔اس موقع پرڈی پی اوسید محمد عباس نے بات کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کا مستقبل تاریک ہونے سے بچانے کی بھرپورکوشش جاری ہے،یہ ایک صدقہ جاریہ بھی ہےاورہمارافرض بھی۔بہاولپورکومنشیات فری زون بنانے کاعزم کیاہے۔صحت یاب ہونے والے افرادنے ڈی پی اوبہاولپورکاشکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور:ڈی پی اوسید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں عادی منشیات بحالی اسکواڈ کے مثبت نتائج آنا شروع،علاج معالجہ کے بعدمنشیات کے عادی افرادکوان کی فیملیز کے ساتھ روانہ کیا جارہاہے

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (457)

مورخہ 22.08.2023

**بہاولپور (  ) ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ ڈیرہ نواب صاحب پولیس کی کامیاب کارروائی، ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار۔ گرفتار ملزم کے قبضہ سے 50 ہزار روپے کی نقد رقم برآمد۔ معاشرے کے ایسے منفی عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات اور ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی سربراہی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ ڈیرہ نواب صاحب پولیس نے ایس ایچ او کی سربراہی میں جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے اسپیشل ٹیم تشکیل دے کر ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم شفقت کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے ڈکیتی شدہ 50 ہزار روپے کی خطیر رقم برآمد کرلی۔ ملزم سے مزید بھی مقدمات ٹریس ہوئے۔ پولیس نے ریکور شدہ رقم مالکان کے حوالے کردی۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال جرائم پیشہ افراد سے ریکور کرایا جارہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا بہاولپور پولیس جرائم کی بیخ کنی کیلئے بہترین حکمت عملی کو اپنا کر جرائم پیشہ افراد کا تدارک جاری رکھے گی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ ڈیرہ نواب صاحب پولیس کی کامیاب کارروائی، ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار، ڈکیتی شدہ رقم برآمد